# شئیر ہولڈرز کے 32 ویں سالانہ اجلاس عام کیلئے ممبران کو نوٹس

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ BIAFO انڈسٹریز لمیٹڈ کا 32 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ 27 اکتوبر، 2020 بوقت 11:00 بجے صبح 1st فلور، BIAFO ہاؤس، پلاٹ نمبر 23، گلی نمبر 40-38، آئی اینڈ ٹی سینٹر، سیکٹر G-10/4، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

## عمومی امور

1- سالانہ اجلاس عام منعقدہ 24 اکتوبر 2019 کے منٹس کی توثیق۔

2- 30 جون 2020 کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، زیر غور لانا اور اختیار کرنا۔

3- 22 ستمبر 2020 کو اعلان کردہ حتمی نقد منافع منقسمہ 1.00 روپیہ فی شیئر (10%) اور 23 اکتوبر 2019 کو اعلان کردہ عبوری نقد منافع منقسمہ 1.50 روپے فی شیئر (15%)، 18 فروری 2020 کو اعلان کردہ عبوری نقد منافع منقسمہ 1.50 روپے فی شیئر (15%) مجموعی طور پر 4.00 روپے فی شیئر (40%) نقد منافع منقسمہ بشمول 22 ستمبر 2020 کو اعلان کردہ 10 فیصد بونس شیئر اور 18 فروری 2020 کو اعلان کردہ 10 فیصد بونس شیئر، اسطرح 30 جون 2020 کو مکمل ہونے والے سال کے لیے 20 فیصد بونس شیئر کی منظوری۔

4- 2020-21 لئے آڈیٹرز اوران کے معاوضے کی تقرری۔ ریٹائرڈ ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ نے اہلیت کے حامل ہونے پر خود کو سال 2020-21 میں دوبارہ تعیناتی کیلئے پیش کیا ہے

5- چیئرمین کی اجازت سے میٹنگ میں رکھے جانے والے کچھ دیگر عمور کی انجام دہی کے لیے۔

**بحکم بورڈ**

خواجہ شائق تنویر
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
مورخہ: 22 ستمبر، 2020

## نوٹس

1- کمپنی کی شئیر منتقلی کی کتب 19 اکتوبر 2020 تا 27 اکتوبر 2020 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

2- اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھنے والے ممبر اپنی جگہ پر ووٹ دینے اور شرکت کرنے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقررہ شخص کو مطالبہ پول پر بولنے اور ووٹ کرنے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کہ ممبر کو حاصل ہوتے ہیں۔ پراکسی کے موثر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ پراکسیز (Proxies) کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں میٹنگ شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئیں۔ پراکسی کیلئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں۔

3- سی ڈی سی شئیر ہولڈرز یاان کے پراکسی، سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنے ہمراہ اصل شناختی کارڈز یا پاسپورٹس، یا شرکت کنندہ کے آئی ڈی نمبرز، اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں تاکہ ان مقاصد کیلئے ان کی عمومی دستاویزات کی توثیق کی جاسکے۔

## کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور زکوٰۃ

4- ممبران سے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل جمع کرانے کی استدعا کی جاتی ہے تاکہ ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کیا جاسکے۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل نہ جمع کرانے کی صورت میں مستقبل کے تمام منقسمہ روک لئے جائیں گے۔

5- ممبران سے استدعا کی جاتی ہے کہ وہ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنیٰ کا بیان جمع کرائیں یا پتہ میں تبدیلی تجویز کریں، اگر ہو تو۔

## ای ڈیوڈنڈ

سرکاری اندراج یافتہ کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی رو سے حصص داران (شیئر ہولڈر) اپنے منافع کی نقد ادائیگی صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہِ راست اپنے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرسکتے ہیں۔ اسی لئے نوٹس ہذا کے ذریعے تمام حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم میں متعلقہ درخواست دہندگان اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس (IBAN) کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کریں۔ مادی حصص (Physical Shares) کی صورت میں اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے حصص (شیئر) رجسٹرار، میسرز ریاست اشتیاق کنسلٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مہیا کریں۔ (حصص داران کے لئے) ای۔ ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم منسلک کیا گیا ہے۔

## فائلر اور نان فائلر کا سٹیٹس

i- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے مطابق جس میں کمپنیوں کی جانب سے ادا کی جانے والی مالیت پر منافع کے ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے نرخ وضع کئے گئے ہیں۔ٹیکس کے انراخ مندرجہ ذیل ہیں۔

الف۔ انکم ٹیکس ریٹرنز فائلرز کیلئے 15 فیصد

ب۔ انکم ٹیکس ریٹرنز نان فائلرز کیلئے 30 فیصد

کمپنی کو مالیت کے عوض 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کے حساب سے نقد منافع منقسمہ (Cash Dividend) پر ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کیلئے ان تمام حصص داران جن کا نام ٹیکس فائلر ہونے کے باوجود، ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں موجود نہیں ہے، کو یہ بات یقینی بنانے کی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 27 اکتوبر 2020 کو منعقد ہونے والے سالانہ عمومی اجلاس میں نقد منافع کی منظوری کی تاریخ تک یا اس سے قبل اپنا نام ATL میں درج کروالیں بصورت دیگر نقد منافع پر 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی

مزید برآں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی موصول شدہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین علیحدہ علیحدہ حصص داران کے فائلر/نان فائلر ہونے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں بھی حصص کی مناسبت سے یہی طریقہ اختیار کیا جائے گا۔اس سلسلے میں تمام حصص داران جو مشترکہ طور پر حصص رکھتے ہیں وہ اپنے حصہ کے تناسب کے بارے میں ہمارے حصص رجسٹرار کو درج ذیل کے مطابق فراہم کریں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا)

| Company Name | Folio/ CDS Account No | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |
| | | | | | | |

ii- کسی بھی قسم کے استفسار/شکایات/معلومات کی صورت میں سرمایہ کار کمپنی یا شیئرز رجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبر یا ای میل ایڈریس کے ذریعے رابطہ کرسکتا ہے۔

**BIAFO انڈسٹریز لمیٹڈ**

1st فلور، BIAFO ہاؤس، پلاٹ نمبر 23، گلی نمبر 40-38، آئی اینڈ ٹی سینٹر،

سیکٹر G-10/4، اسلام آباد، پاکستان۔

ٹیلیفون +92-51-2353450-53, 2353455-57 : فیکس: +92-51-2353458

ویب سائٹ: www.biafo.com

ای میل: management@biafo.com,

**ریاست اشتیاق کنسلٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ**

آفس نمبر 20-19، سیکنڈ فلور، ہل ویو پلازہ، جناح ایونیو، بلیو ایریا اسلام آباد، پاکستان۔

فون: +92 51 2344223-4 فیکس: +92 51 2605658

iii- سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ حصص داران کیلئے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ہونا لازمی ہے جو ان کے متعلقہ شرکت کنندہ کے ساتھ اپ ڈیٹ ہو جبکہ فزیکل شیئرز کے حامل کارپوریٹ ممبران اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا اس کے شیئرز رجسٹرار میسرز ریاست اشتیاق کنسلٹنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کرنا ضروری ہے۔حصص داران اپنا NTN یا NTN سرٹیفکیٹ بھیجتے وقت، کسی بھی صورت میں کمپنی کا نام اور فولیو نمبر ضرور درج کریں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 سیکشن 244 کے تحت بناء دعویٰ یا غیر ادا شدہ رقم کا بیان

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سیکشن 244 بمعہ سیکشن 510 آف دی کمپنیز ایکٹ 2017 تمام کمپنیوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ نمبر یا اکاؤنٹس جو بھی ہوں جو مقررہ تاریخ سے تین سال تک بناء کسی دعویٰ یا غیر ادا شدہ ہوں اور دیگر کسی انسٹرومنٹ یا رقم جو بناء دعویٰ یا غیر ادا شدہ ہو کمیشن کو بذریعہ ای سروسز پورٹل **(https://eservices.secp.gov.pk/eServices/)** جمع کروائیں۔

بذریعہ نوٹس ہذا حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کے حکم نمبر 16 of 2017 بتاریخ 07 جولائی 2017 کی شرائط کو پورا کرنے کے لیے اس اشتہار کی اشاعت کے 07 ایام کے اندر بناء دعویٰ شدہ منافع منقسمہ/حصص کے بارے میں کمپنی سے رابطہ کریں۔حصص داران سے درخواست ہے کسی بھی بناء دعویٰ شدہ منافع منقسمہ یا غیر موصول شدہ حصص (اگر کوئی ہوں) تو اس سلسلے میں کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر رابطہ کریں۔